علمِ استدلال اور جزئیات و دلائل کی روشنی میں اہلِ سُنّت و جماعت کے
چالیس ضروری عقائد کا ایک گراں قدر علمی اور دستاویزی مجموعہ

الفرق الوجیز بین السُّنی العزیز والوہابی الرجیز

یعنی

# سُنّی اور وہابی کا فرق

تصنیف لطیف
اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت حضور
امام احمد رضا خان محدث بریلوی قدس سرہٗ

تحقیق و تخریج و تحشیہ
محمد طفیل احمد مصباحی

شعبۂ نشر و اشاعت سُنّی علما تنظیم کٹیہار بہار
زیرِ اہتمام: پیرِ طریقت حضرت مولانا الحاج شاہ عبد الواجد نوری دام ظلہ العالی
بانی و سرپرست سنی علما تنظیم، کٹیہار، بہار

دلائل و جزئیات کی روشنی میں اہلِ سنت و جماعت کے چالیس بنیادی
اور ضروری عقائد کا ایک علمی اور دستاویزی مجموعہ

# الفرق الوجیز

## بین السنّی العزیز والوہابی الرجیز

# سُنّی اور وہابی کا فرق

تصنیف
حضور اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خاں محدث بریلوی قدس سرہ

تحقیق وتخریج وتحشیہ
محمد طفیل احمد مصباحی

ناشر
شعبۂ نشر و اشاعت سنّی علما تنظیم ، کٹیہار، بہار

زیرِ اہتمام:
پیرِ طریقت حضرت مولانا عبد الواجد نوری دام ظلہ العالی
بانی و سرپرست سنی علما تنظیم، کٹیہار، بہار

نام کتاب سنی اور وہابی کا فرق
الفرق الوجیز بین السنّي العزیز والوھابي الرجیز
مصنّف: اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خان محدث بریلوی قدس سرہ
تحقیق وتحشیہ: محمد طفیل احمد مصباحی
پروف ریڈنگ: محمد طفیل احمد مصباحی
کمپوزنگ: پیامی کمپیوٹر گرافکس، مبارک پور 9235647041
طباعت واشاعت: ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ/فروری ۲۰۱۵ء
ناشر: شعبۂ نشر واشاعت، سنی علما تنظیم، کٹیہار، بہار

## -ملنے کے پتے-

(۱)..... سنی علما تنظیم، رضا نگر، کٹیہار، بہار
(۲).... محمد طفیل احمد مصباحی، ماہ نامہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)
(۳)... حضرت مولانا عبدالواجد نوری، امام بارہ بھائی مسجد،
سِنَّار، ضلع ناسک، مہاراشٹر
(۴)... المجمع الاسلامی، ملت نگر، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)
(۵)... نوری کتاب گھر، نزد جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)
(٦).... مکتبہ حافظِ ملت، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی)

کتاب حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں:- 09621219786/09326848537

**عقیدہ(۱۳)** رسول اللہ ﷺ کو خدا کہنا کفر ہے[۱] اور الوہیت، مستلزماتِ الوہیت (جن چیزوں سے خدا ہونا لازم آئے) سے نیچے جو کچھ فضیلت، مرتبہ، خوبی، بزرگی ہے، سب حضور کو شایان ہے۔ بشر وملک کسی کی تعریف کو حضور ﷺ کی تعریف سے کچھ نسبت نہیں۔ حضور کی تعریف جس قدر کثرت سے ہو، جاں کا سرور اور ایمان کا نور ہے۔ جو کہے کہ **ان کی تعریف وہی کرو جو بشر کی سی تعریف ہو بلکہ اس میں بھی کمی کرو** (وہ) گستاخ بے ادب ہے۔[۲]

---

(۱)- کیوں کہ خدائے عزوجل کو مخلوق سے تشبیہ دینا کفر ہے اور ظاہر سی بات ہے جب تشبیہ دینا کفر ہوا تو کسی مخلوق کو عین خدا کہنا، بدرجۂ اولیٰ کفر ہو گا۔

شرح فقہ اکبر میں ہے:

"من شبه الله بشئ من خلقه فقد كفر."

(شرح فقه اكبر، ص:۳۲، دار الكتب العلميه، بيروت)

**ترجمہ:** جس نے اللہ کو مخلوق کے کسی وصف سے تشبیہ دی، وہ کافر ہے۔

(۲)- حضرت امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے مقبول بارگاہ رسالت "قصیدہ بردہ شریف" میں لکھتے ہیں:

دع ما ادعته النصارىٰ فى نبيهم

واحكم بما شئت مدحا فيه واحتكم

**ترجمہ:** عیسائیوں نے اپنے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعظیم اور فضیلت و بزرگی میں جو غلو کیا (یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کہہ دیا) تم اپنے نبی کی فضیلت و بڑائی میں اس قسم کے غلو سے پرہیز کرو۔ اور اس سے نیچے جس قدر بھی تعظیم و توقیر اور فضیلت و بزرگی ہے، سب اپنے نبی ﷺ کے لیے ثابت کرو اور اس پر مضبوطی سے قائم رہو۔

ہمارے نبی جناب محمد رسول اللہ ﷺ افضل ترین مخلوق ہیں۔ آپ جملہ انبیا و مرسلین کے سردار اور پیشوا ہیں اور پوری کائنات کے سب سے افضل، اعلیٰ اور بہتر انسان ہیں۔ اس لیے